**عضو اور نسیج (ٹشو) کا عطیہ**

*عضو اور نسیج (ٹشو) کا عطیہ ایک ذاتی انتخاب ہے۔ اپنے خاندان کے ساتھ اپنا فیصلہ شیئر کریں۔*

**ایم یو ایچ سی (MUHC) نرس کلینشینز کے ذریعہ تیار کردہ: وینڈی شیری ( Wendy Sherry) اور برنارڈ ٹریمبلے (Bernard Tremblay) با تعاون کینیڈا کی بلڈ سروسز**

## عضو اور نسیج (ٹشو)  کا عطیہ کیا ہے؟

اعضاء اور نسیج (ٹشو) کا عطیہ ایک ایسا انتخاب ہے جو آپ دوسروں کو  اپنی صحت دوبارہ حاصل کرنے میں مدد کے لیے کر سکتے ہیں۔ اعضاء کا عطیہ غیر صحت مند اعضاء کو صحت مند اعضاء سے بدل کر زندگیاں بچاتا ہے ۔ نسیج (ٹشو) کا عطیہ لوگوں کی بینائی بہتر بنا کر یا شدید جھلسنے کے بعد عفونت سے بچانے کے ذریعے بہتر زندگی گزارنے میں مدد کرتا ہے۔

عطیہ کردہ اعضاء اور نسیج (ٹشو) ان لوگوں کو دیے جاتے ہیں جنہیں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ نسل، جنس، آمدن یا مشہور شخصیت کی حیثیت اس پر اثر انداز نہیں ہوتی ہے کہ عطیہ کردہ اعضاء اور نسیج (ٹشو)  کسے ملتا ہے۔

آپ کے جسم کی دیکھ بھال اور احترام عطیہ کے عمل کے اہم جزو ہیں۔ ہسپتال کے آپریشن کے کمرے میں سرجری کے دوران اعضاء کو ہٹایا جاتا ہے اور ضرورت مند شخص کے پاس لایا جاتا ہے۔ اس کے بعد نسیج (ٹشو) اور آنکھیں ہٹا دی جاتی ہیں۔ کھلے تابوت میں آخری رسومات کے انتظامات ایک انتخاب رہتا ہے۔

## کون سے اعضاء اور نسیج (ٹشو)  عطیہ کیے جا سکتے ہیں؟

عطیہ کیے جانے والے اعضاء اور نسیج (ٹشو)  یہ ہیں:

*اعضاء*

دل، پھیپھڑے، لبلبہ، لبلبے میں موجود خلیوں کا مجموعہ، جگر، گردے، معدہ اور چھوٹی آنتیں

*نسیج (ٹشو)*

آنکھ کا ڈھیلا، سکلیرا (آنکھ کا بیرونی سفید ریشہ دار پردہ جو ڈھیلے کی حفاظت کرتا ہے)، جلد، دل کے والوز، ہڈی اور نس/پٹھا

## کون عطیہ دے سکتا ہے؟

پیدائش کی عمر سے لے کر معمر ہونے تک ہر کوئی اس کے لیے اہل ہے۔ عضو یا نسیج (ٹشو) عطیہ کرنے والی تنظیم ہر معاملے کا جائزہ لے گی تاکہ یہ فیصلہ کیا جا سکے کہ کون سے اعضاء اور نسیج (ٹشو) کا عطیہ کرنا ممکن ہے۔

*کسی کی حتمی موت کے بارے میں بات کرنا نہ صرف آپ کے لیے بلکہ آپ کے خاندان کے لیے بھی مشکل ہو سکتا ہے۔*

## اگر میں بیمار ہوں تو کیا میں تب بھی عطیہ کر سکتا ہوں؟

طبی کیفیت یا سنگین بیماری آپ کو اعضاء کے ممکنہ عطیہ دہندہ کے طور پر خارج نہیں کرتی ہے۔ وقت آنے پر تمام ممکنہ عطیہ دہندگان کا انفرادی، طبی، کیس بہ کیس کی بنیاد پر جائزہ لیا جاتا ہے۔

## مجھے اس بارے میں کب سے سوچنا شروع کرنا چاہئے؟

جب آپ زندہ ہیں تو مرنے کے بارے میں بات کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ لیکن عضو اور نسیج (ٹشو) کا عطیہ دہندہ بننے کے لیے اندراج کروانے کے اپنے فیصلے کے بارے میں بات کرنا انتہائی ضروری ہے۔ آپ کے چاہنے والوں کو آپ کی زندگی کے اختتام پر آپ کی خواہشات کا احترام کرنے کے لیے رضامندی دینی چاہیئے؛ اگر آپ پہلے ہی اس بارے میں بات کر چکے ہیں، تو ان کے لیے صحیح قدم اٹھانا آسان ہے۔

اگر آپ عطیہ دینے پر غور کر رہے ہیں تو اپنے فیملی ڈاکٹر یا اپنے صوبائی عطیاتی پروگرام سے بات کریں۔

## میں عطیہ کیسے دے سکتا ہوں؟

اپنے صوبے میں عضو اور نسیج (ٹشو) کا عطیہ دہندہ بننے کے لیے کیسے اندراج کروں:

- https://www.donateyourorgans.ca/#register

اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ آپ کا فیصلہ کیا ہے، آپ کو ہمیشہ مناسب طبی دیکھ بھال ملے گی۔ اپنے خاندان سے اس بارے میں بات کریں کہ آپ عطیہ دینا چاہتے ہیں یا نہیں۔ آپ کی پسند کا ہمیشہ احترام کیا جائے گا۔

براہ کرم یاد رکھیں کہ عطیہ صرف اس وقت ہو سکتا ہے جب ڈاکٹر آپ کو مردہ قرار دیدے۔

اپنی زندگی کے اختتام پر اپنے اعضاء اور نسیج (ٹشو) عطیہ کرنے کا آپ کا فیصلہ دوسروں کو ان کی زندگی کے اختتام تک زندہ رہنے میں مدد کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ہمیں OTDT@blood.ca پر ای میل کریں۔